علم نحو کو اجمالی طور پر سمجھنے اور آسان انداز میں یاد کرنے کے لئے مختصر رسالہ

بنام

علمِ نحو

کو یاد کرنے کا آسان حل

مؤلف

بندہ لاشئ

ابوالمتبسِّم ایاز

علمِ نحو کو اجمالی طور پر سمجھنے اور آسان انداز میں یاد کرنے کے لئے مختصر رسالہ

بنام

علمِ نحو

کو یاد کرنے کا آسان حل

مؤلف

بندہ لاشئ

ابوالمتبسِّم ایاز

اھم بات

پاک و ہند میں سالانہ امتحانات کے بعد کچھ مقامات پہ دورہ صرف و نحو کے مختصر کورسز رکھے جاتے ہیں جن میں صرف و نحو کے قواعد کو مضبوط کرنے اور اجراء کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

اب چند دنوں میں پورے فنِ نحو کو دوہرانا ذرا مشکل امر ہے۔ اس مشکل کو دور کرنے کے لئے بندہ لاشئ نے مختصر اور آسان علمِ نحو کو بیان کرنے کی سعی کی ہے۔

یہ چند صفحات اُس کے لئے مفید ہونگے جس نے پہلے نحو سمجھ کہ یاد کی ہو گی۔

گزارش :

کوئی اہل علم صاحب رائے یا غلطی بتانا چاہے تو ضرور کرم فرمایئے گا۔

ابوالمتبسِّم ایاز

03128065131

تاریخ:19نومبر 2024

فنِ نحو کو یاد کرنے کا آسان طریقہ

علمِ نحو کی اہمیت اہلِ علم حضرات پہ مخفی نہیں. اِس علم کے بغیر کوئی بھی طالب علم عربی عبارت نہ تو سمجھ سکتا ہے اور نہ ہی دُرست پڑھ سکے گا. اور اِس علم کو حاصل کرنے کے لئے طلبہ کرام کوشش بھی کرتے ہیں لیکن بعض اوقات اِس کوشش میں ناکام ہو جاتے ہیں.

طلبہ کرام کی آسانی کے لئے نحو کو یاد کرنے کا آسان طریقہ عرض کرتا ہوں اُمید ہے کہ ان شاء اللہ عزوجل سب کو فائدہ حاصل ہو گا.

اِس علم کو آپ ۹ حصّوں پہ تقسیم کرلیں. پھر ہر ایک حصّے کو بالکل مختصر اور سہل انداز میں یاد کریں:

پہلا حصّہ: اِسم کا بیان

- اِس کی علامات
- معرفہ و نکرہ
- مذکر و مؤنث
- منصرف و غیر منصرف
- اسماء عوامل

دوسرا حصّہ: معرّب کا بیان

- اِسم معرب
- فعلِ معرب

تیسرا حصّہ: مبنی کا بیان

- ❖ مبنی الاصل
- ❖ مشابہ مبنی الاصل

چوتھا حصّہ: فعل کا بیان

- ❖ فعل کی علامات
- ❖ افعال قلوب
- ❖ افعال مضاربہ
- ❖ افعال مدح وذم
- ❖ افعال عوامل

پانچواں حصّہ: حرف کا بیان

- ❖ حرف کی علامات
- ❖ حروفِ عوامل
- ❖ حروفِ غیر عوامل

چھٹا حصّہ: مرکب ناقص کا بیان

- ❖ مرکب اضافی
- ❖ مرکب توصیفی

- مرکب مزنی
- مرکب مزجی

ساتواں حصّہ: مرکب تام کا بیان

- جملہ فعلیہ
- جملہ اسمیہ
- جملہ انشائیہ

آٹھواں: معمولات کا بیان

- مرفوعات
- منصوبات
- مجرورات

نواں حصّہ: توابع کا بیان

- صفت
- تاکید
- بدل
- عطف بحرف
- عطف بیان

نحوی اجراء کرنے کا طریقہ

بعض طلبہ کرام پریشان ہوتے ہیں کہ نحوی اجراء کیسے ہو گا؟

اِس میں کون کونسے سوالات پوچھے جائیں گے. تو اِس پریشانی کو حل کرنے کے لئے نحوی اجراء کرنے کا طریقہ درج ذیل ہے:

سب سے پہلے سؤال ہو گا کہ

1: کلمہ اسم ہے یا فعل یا حرف؟

2: اگر اسم ہے تو معرب ہے یا مبنی؟

3: اگر مبنی ہے تو مبنی الاصل یا مشابہ مبنی الاصل؟

4: مبنی الاصل ہے تو کونسی قسم؟ مشابہ مبنی الاصل ہے تو کونسی قسم؟ اور اس کا اعراب کیا ہے؟

5: اگر معرب ہے تو پھر بتایئے واحد، تثنیہ یا جمع ہے؟

6: جمع ہے تو جمع کی کونسی قسم؟

سالم، مکسر، قلت یا کثرت؟

7: مذکر ہے یا مؤنث؟

8: اگر مؤنث ہے تو مؤنث کی کونسی قسم ہے؟

9:معرفہ ہے یا نکرہ؟

10:اگر معرفہ ہے تو معرفہ کی اقسام میں سے کونسی قسم ہے؟

11:منصرف ہے یا غیر منصرف؟

12:اگر غیر منصرف ہے تو دو اسباب کونسے ہیں؟

13:اگر معرب ہے تو وجوہ اعراب میں سے کونسی قسم ہے؟

14:مرفوعات، منصوبات، مجرورات میں سے کیا ہے؟

15:عامل ہے یا معمول؟

16:اگر عامل ہے تو عامل کی کونسی قسم ہے؟

لفظی ہے یا تقدیری؟

17:لفظی ہے تو بالحرکت یا بالحرف ہے؟

اور اگر تقدیری ہے تو بالحرکت یا بالحرف؟

18:اعراب اصلی ہے یا تبعی؟

19:اگر یہ کلمہ حرف ہے تو حرف میں معانی ہے یا مبانی؟

20:معانی ہے تو حروف عاملہ و غیر عاملہ میں سے کیا ہے؟

21:اگر عاملہ میں سے ہے تو عاملہ افعال میں سے ہے یا عاملہ اسماء میں سے ؟


22:اگر غیر عاملہ میں سے ہے تو حروف معانی میں سے کون سی قسم میں سے ہے ؟

اہم نوٹ: ابتداءً اس طریقے پر عمل کرنا کافی مشکل ہو گا۔


لیکن کچھ عرصے کے بعد آپ کے لئے آسان ہو جائے گا۔ اور "ان شاء اللہ عزوجل" کچھ ہی عرصے میں آپ کے لئے نحوی اجراء کرنا بالکل آسان ہو جائے گا۔


تعلیم ہی انسان کو عروج دینے میں معاون ثابت ہوتی ہے ڈگری سے انسان کی قابلیت نہیں پہچانی جاتی اسکے اندر سرائیت کی گئی تعلیم اسکی پہچان کا پتا دیتی ہے چاہے وہ امیر ہو یا غریب یہ ہی ایک روشن مستقبل بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

لفظ کی تقسیمات




اسم کی تقسیمات




معمول
معمول اصلی
معمول تبعی
مرفوعات
منصوبات
مجرورات
صفت
تاکید
عطف بحرف
بدل
عطف بیان
مجرور بحرف جر
مضاف الیہ
حقیقی
سببی
لفظی
معنوی
بدل الکل
بدل البعض
بدل الاشتمال
بدل الغلط
مفعول مطلق
مفعول بہ
مفعول فیہ
مفعول معہ
مفعول لہ
حال
تمیز
مستثنیٰ
کان کی خبر
اِنَّ کا اسم
ماولا کی خبر
لائے نفی جنس کا اسم
نوعی
عددی
تاکیدی
زمانی
مکانی
محدود
مبہم
فاعل
نائب الفاعل
مبتداء
خبر
کان کا اسم
اِنَّ کا اسم
ماولا کی خبر
لائے نفی جنس کا اسم

عامل کی تقسیمات



حرف کی تقسیمات

